© rasailojaraid.com



میں تذکرہ کیا گیا تھا ان کی فہرست بھی دے دی گئی ہے تاکہ دیگر اہل علم کی طرح سوانح نگاروں کے لئے بھی یہ اشاریہ مفید ہوجائے، ص/۲۰ تفصیلی وضاحت موجود ہے۔

یہ کتاب اس قابل ہے کہ علوم اسلامیہ کے ہر طالب علم کے پاس ہونی چاہئے اور ہر لائبریری کی زینت بنی چاہئے۔اس موقع پر مرتب کے ساتھ ان کی سپروائزر پروفیسر ڈاکٹر نگار سجاد صاحبہ بھی مبارکباد کی مستحق ہیں جو نامساعد حالات میں اتنی ضخیم وخوبصورت کتب مسلسل شائع کرنے میں مصروف ہیں۔

مجلّہ کا نام ماہنامہ رشد لاہور کا قراٗات نمبر (حصہ اول)

مدیر قاری حمزہ مدنی سرپرست حافظ عبدالرحمٰن مدنی

ج/۲۰، ش/۴ جون ۲۰۰۹ء

ناشر کلیۃ القرآن الکریم والعلوم السلامیۃ، ۹۹ جے ماڈل ٹاؤن لاہور

قیمت وصفحات : ۱۵۰ روپے ۷۱۹/ص

حافظ عبدالرحمٰن مدنی سلفی کسی تعارف کے محتاج نہیں، صاحب علم اور فعال شخصیت ہیں، آپ ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے منظم انداز میں زندگی گزاری اور قرآن وسنت کے فروغ کے لئے متعدد اداروں کی بنیاد رکھی، مارچ ۲۰۰۹ء میں مجھے لاہور کے سفر میں ریسرچ سینٹر ملاحظہ کرنے اور حافظ صاحب کے صاحبزادوں سے ملاقات کا موقع ملا۔ ماہنامہ محدث اور ماہنامہ رشد بیک وقت دو مجلات آپ کے زیر سرپرستی شائع ہورہے ہیں، پیش نظر مجلہ رشد فن قراٗت کے تعارف، قراءات سبعۃ عشر کے تاریخی ارتقاء اس کی حجیت از روئے قرآن، حدیث اور تعامل امت پر مشتمل ہے۔ یہ خصوصی نمبر قراءات پر انسائیکلو پیڈیا ہے اور فقط پہلے حصہ پر مشتمل ہے دوسرے حصہ کا انتظار ہے، (جس میں چیف ایڈیٹر کا ایک مضمون شامل اشاعت ہے۔)

قرآن کریم کے مختلف لہجوں کی حجیت، قراٗت کا ثبوت حدیث کی روشنی میں برصغیر میں برصغیر میں قراءات کا فروغ وارتقاء۔ سبعۃ احرف کا مفہوم قراءات کی اسانید۔ مطبوعہ مصاحف کا

© rasailojaraid.com